**انڈویجوئل لینڈ**
انفرادی آزادی کے لئے کوشاں

# کوئٹہ

## کیا آ پکو معلوم ہے؟

- آپ کے ضلع میں تعلیم کے شعبے کے لیے کتنا بجٹ مختص کیا گیا ہے؟
- صحت کی مد میں مختص کیئے جانے والے بجٹ کا استعمال کس طرح ہو رہا ہے؟
- امن وامان کی مد میں مختص کیا گیا بجٹ ضروریات کے مطابق ہے یا نہیں؟
- پانچ اہم شعبوں صحت، تعلیم، خواتین کی ترقی، امن وامان اور تعمیر و ترقی کی مد میں کتنا بجٹ مختص کیا گیا ہے؟



- سی ڈبلیو ڈی کے دفتر کے عملے پر باقاعدہ مانیٹرنگ کی جانی چاہیے۔
- کوئٹہ کا انفراسٹرکچر بہتر نہیں ہے۔
- لیبارٹری اور دیگر اخراجات کے لئے مختص کیا گیا بجٹ ناکافی ہے۔

## خواتین کی ترقی:

- سلائی اور کڑھائی مراکز کو مالی امداد فراہم نہیں کی جاتی۔
- خواتین کے کچھ ایسے تربیتی مراکز کو، جو سرکاری نگرانی کے تحت کام کر رہے ہیں، فنڈز مل رہے ہیں۔
- سہولتوں کے فقدان کی وجہ سے تربیتی مراکز مناسب کام نہیں کر رہے ہیں۔

## 'شہریوں کا بجٹ' تشکیل دینا

ضلعی بجٹ کی تقسیم کا تجزیہ کرنے کے بعد، قلعہ عبد للہ کے لوگوں نے خود اپنا بجٹ پیش کیا۔ان کی جانب سے جن ترجیحات کو نمایاں کیا گیا وہ یہ ہیں:

## تعلیم:

- صوبائی لائبریری کو محکمہ تعلیم کے زیرانتظام ہونا چاہیے۔
- تمام لائبریریوں کے لئے باقاعدہ مناسب بجٹ مختص کرنے کی ضرورت ہے۔
- ضلع میں اسکول کی نئی عمارتیں تعمیر کرنے کی ضرورت ہے۔
- اساتذہ کی تنخواہوں میں اضافے کی ضرورت ہے۔

## تعمیر و ترقی:

- کوئٹہ کا انفراسٹرکچر بنانے کی ضرورت ہے۔
- لیبارٹری اور دیگر اخراجات کے لئے مناسب بجٹ مختص کرنے کی ضرورت ہے۔
- نکاسی آب کے نظام کو بہتر کرنے کی ضرورت ہے۔
- تفریح کے لئے پارک تعمیر کرنے کی ضرورت ہے۔

## خواتین کی ترقی:

- سلائی اور کڑھائی مراکز کے لیے مناسب بجٹ فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔
- تربیتی مراکز کو تمام سہولیات فراہم کی جانی چاہیئں۔
- کمیونٹی تنظیمیں قائم کرنے کی ضرورت ہے۔
- خواتین کو تکنیکی مہارتیں فراہم کرنے کے لئے ضلع میں خواتین کی تکنیکی تربیت کے مراکز قائم کرنے کی ضرورت ہے۔

## صحت:

- اسپتالوں میں ادویات فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔
- اسپتالوں میں عملے میں اضافے کے ساتھ ساتھ ان کو تربیت دینا لازمی ہے۔
- ایمبولینسوں کو اچھی حالت میں رکھنے کی ضرورت ہے۔

## امن وامان:

- پولیس اور لیویز کے لئے وردیاں درکار ہے۔
- لیویز اور پولیس کے ملازمین کو باقاعدہ تربیت دینے کی ضرورت ہے۔
- لیویز اور پولیس کے ملازمین کو جدید ہتھیار فراہم کئے جانے چاہیئں۔

## نوٹ:

مندرجہ بالا تمام مطالبات کوئٹہ کے شہریوں نے ضلعی بجٹ کا موازنہ اور تجزیہ کرنے اور تحقیق کے بعد اپنی ترجیحات کو سامنے رکھتے ہوئے پیش کیے ہیں۔ان ضروریات کا مطالبہ انڈویجوئل لینڈ کی جانب سے نہیں کیا گیا۔

Find us
Individualland
Individualland

Tel: 051-2253438
contact@individualland.com
www.individualland.com

بجٹ کی تمام تفصیلات جاننا آپ کا حق ہے کیونکہ بجٹ کے لیے مختص کی جانے والی رقم آپ کے ادا کیے گئے ٹیکسوں کے ذریعے جمع کی جاتی ہے۔

ہم میں سے بہت سے لوگ اس بات سے ناواقف ہیں کہ ضلعی انتظامیہ کس طرح ایک ضلع میں رقم خرچ کرتی ہے۔ تاہم انڈویجوئل لینڈ پاکستان نے "بلوچستان میں بہتر گورننس اور احتساب کے لئے عوامی شرکت" کے نام سے بلوچستان کے بارہ اضلاع میں ایک مہم کا آغاز کیا ہے جس کے مقاصد مندرجہ ذیل ہیں۔

- ضلعی بجٹ کے بارے میں شہریوں میں آگاہی پیدا کرنا
- ضلعی انتظامیہ کے اخراجات کا تجزیہ کرنے کے لئے شہریوں کو متحرک کرنا
- ضلع کے شہریوں کے تعاون سے "شہریوں کا بجٹ" تشکیل دینا

## ۲۰۱۴-۲۰۱۵ کا بجٹ

صحت، تعلیم، خواتین کی ترقی، امن وامان اور تعمیر وترقی کے شعبوں میں مختص کیے گئے بجٹ کی تفصیلات یہ ہیں۔

### برائے صحت:

| اخراجات کی مد | ۲۰۱۳-۲۰۱۴ | ۲۰۱۴-۲۰۱۵ |
|---|---|---|
| صحت کا کل بجٹ | ۴،۷۱۵،۹۲۴،۵۲۶ روپے | ۳،۸۴۷،۸۶۴،۱۹۰ روپے |
| ایگزیکٹو انجینئر پی ایچ ای ڈویژن کوئٹہ | ۸۱،۱۰۲،۰۰۰ روپے | ۹۳،۴۳۰،۷۶۰ روپے |
| سپرینٹنڈنٹ انجینئر (نارتھ) کوئٹہ | ۱۱،۴۶۰،۰۰۰ روپے | ۱۳،۸۴۹،۸۸۰ روپے |

### برائے تعلیم:

| اخراجات کی مد | ۲۰۱۳-۲۰۱۴ | ۲۰۱۴-۲۰۱۵ |
|---|---|---|
| تعلیم کا کل بجٹ | ۶۸۳،۴۷۳،۲۰۰ روپے | ۳،۱۹۴،۸۹۳،۶۰۰ روپے |
| تعلیمی انتظامیہ (انسپکشن) | ۸۹،۶۸۴،۴۰۰ روپے | ۱۰۰،۹۳۶،۱۰۰ روپے |
| ثانوی تعلیم (ہائی اسکولز) | ۵۴۵،۴۲۳،۶۰۰ روپے | ۱۰۷،۹۸۱،۶۰۰ روپے |
| ثانوی تعلیم (مڈل اسکولز) | ۳۱۳،۴۴۳،۴۰۰ روپے | ۴۹۶،۱۰۰،۳۹۷ روپے |

### برائے تعمیر وترقی:

| اخراجات کی مد | ۲۰۱۳-۲۰۱۴ | ۲۰۱۴-۲۰۱۵ |
|---|---|---|
| کل بجٹ | ۲۷۶،۹۳۱،۲۰۰ روپے | ۲۵۹،۸۹۶،۴۶۹ روپے |
| سپرینٹنڈنٹ انجینئر صوبائی پراجیکٹ سرکل کوئٹہ کے لئے سول ورکس | ۹،۲۱۰،۶۰۰ روپے | ۱۰،۹۰۲،۷۳۲ روپے |
| سپرینٹنڈنٹ انجینئر صوبائی بی اینڈ آر ڈویژن کوئٹہ کے لئے سول ورکس | ۷،۰۲۲،۴۰۰ روپے | ۸،۳۰۵،۵۸۶ روپے |

### برائے امن وامان:

| اخراجات کی مد | ۲۰۱۳-۲۰۱۴ | ۲۰۱۴-۲۰۱۵ |
|---|---|---|
| کل بجٹ | ۴،۲۲۴،۴۶۴،۲۰۰ روپے | ۵۰۰،۵۵۹،۶۴۶ روپے |
| لیوی کوئٹہ | ۱۳۳،۸۳۸،۰۰۰ روپے | ۱۳۷،۸۸۳،۵۰۰ روپے |
| پولیس سپرینٹنڈنٹ ضلعی جیل | ۷۶،۹۱۲،۰۰۰ روپے | ۹۴،۱۵۸،۳۰۰ روپے |

### خواتین کی ترقی:

| اخراجات کی مد | ۲۰۱۳-۲۰۱۴ | ۲۰۱۴-۲۰۱۵ |
|---|---|---|
| کل بجٹ | ۸۹،۳۸۴،۹۰۰ روپے | ۰۲،۴۲۹،۲۵۰ روپے |
| صنعتوں کی خدمات کا مرکز | ۶،۹۴۳،۲۰۰ روپے | ۶،۹۰۱،۴۰۰ روپے |

### سوشل آڈٹ ٹیم تشکیل دینا:

آپ کے ضلع کے بارہ شہریوں کے ساتھ تربیتی ورکشاپ کے سیشن میں ہم نے مل کر کوئٹہ کے ضلعی بجٹ کا تجزیہ کیا ہے۔ یہ بارہ شہری سوشل آڈٹ ٹیم ہیں جو کہ ہمارے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں۔ سوشل آڈٹ ٹیم کو مندرجہ بالا پانچ شعبوں کے بجٹ کے بارے میں آگاہی فراہم کرنے کے بعد چار ٹیموں میں تقسیم کیا گیا۔ اس ٹیم کے اراکین نے سرکاری دفاتر میں جا کر معلومات لیں تاکہ مختص کردہ بجٹ جس مد میں مختص کیا گیا ہے کیا وہ کافی ہے؟ اور اس کا استعمال کس طریقے سے ہو رہا ہے؟

## سوشل آڈٹ ٹیم کی تحقیق کے نتائج

### تعلیم:

- صوبائی لائبریری محکمہ تعلیم کے بجائے محکمہ ثقافت کے زیر انتظام ہے۔
- تمام اضلاع کی لائبریریاں صوبائی لائبریری کے تحت کام کر رہی ہیں۔
- صوبائی لائبریری کو عارضی طور پر ایک سرکاری دفتر میں جگہ دی گئی ہے کیوں کہ پرانی عمارت مسمار کیئے جانے کے بعد نئی عمارت تعمیر کی جا رہی ہے۔

### تعمیر وترقی:

- کمیونی کیشن اینڈ ورکس ڈویژن (سی ڈبلیو ڈی) کے دفتر کو باقاعدہ مانیٹر کرنے کی ضرورت ہے۔